ضرورت سے غافل نہ ہوں اور بالخلوص قرآن اور حضور اقدسؐ جو معرکہ رحمت کائنات اور رحمۃ للعالمین ہیں ان کی سیرت طیبہ کے حوالے سے جہاد اور اس کی ضرورت پر مسلمانوں کو توجہ دنیا انتہائی مفید امر ہے اس خصوصی اشاعت میں موضوع کے متعلق تمام مضامین بہت ہی اہم اور معلومات افزا ہیں فاضل مدیر نے اس طویل اور تفصیل طلب موضوع کو دریا بکوزہ اندر کے مصداق مختصر صفحات میں سمیٹ کر کمال مہارت کا ثبوت دیا ہے امید ہے کہ اراکین و ادارہ رسالہ کے اسی معیار کو برقرار رکھیں گے۔

زیرنظر پرچہ میں اگر معیاری کاغذ استعمال ہوتا تو پرچے میں باطنی خوبصورتی کیساتھ ظاہری حسن بھی نکھر آتا۔علاوہ ازیں بجائے کثیر اشتہارات اگر مزید مضامین کا اضافہ کیا جاتا تو اس سے پرچے کی افادیت کئی گنا زیادہ ہو جاتی۔بہرحال ادارہ کی یہ کاوش قابل تحسین ہےاور سیرت النبیؐ کے متعلق کتب اور لٹریچر میں یہ ایک بہترین اضافہ ہے۔(م۔ا۔ف)

کتاب: حیلےاور بہانے　　تصنیف: مولانا عاشق الٰہی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

ضخامت: 120 صفحات　　ناشر: مبین ٹرسٹ پوسٹ بکس نمبر 470 اسلام آباد۔44000

حضرت مولانا عاشق الٰہی مہاجر مدنیؒ کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں' ان کا نام آتے ہی اخلاص سوز و گداز تعلیم و تدریس فقہ و افتاء تصنیف و تالیف بحث و تحقیق اصلاح ظاہر و باطن احقاق حق اللہ تعالیٰ کے دین کی خیر خواہی اور تبلیغ مدافعت کا روشن تصور مجسم ہو کر سامنے آ جاتا ہے'　　خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را

زیرنظر کتاب حیلےاور بہانے میں مصنف نے ان مشہور اور عام حیلوں او بہانوں کا احاطہ کیا ہے جنہیں عام طور پر لوگ حجت اور دلیل بنا کر اسلامی احکامات پر عمل کرنے سے پہلوتہی برتتے ہیں۔نفس اور شیطان انسان کے دو داخلی اور خارجی دشمن ہیں جو انسان کو ورغلا کر حیلے اور بہانے تراش کر اسے راہ حق سے بھٹکاتے ہیں اور تباہی کے گڑھے میں گرا کر رکھ دیتے ہیں۔خود حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ان اعدا عدوک نفسک التی بین جنبیک ترجمہ: ''یہ تیرا نفس جو تیرے پہلو میں ہے سب سے بڑھ کر تیرا دشمن ہے۔'' اس طرح شیطان لعین بھی جب حق جل مجدہ کے دربار سے مردود قرار پایا تو اس نے انسان دشمنی اور اسے بھٹکانے کی قسم کھائی۔ مولانا مہاجر مدنیؒ نے اس کتاب میں ۶۷ حیلوں اور بہانوں کا ذکر کر کے شرعاً و عقلاً اس کی پرزور مذمت کی ہے

افادہ عام کیلئے کتاب کی اشاعت زیادہ سے زیادہ ہونی چاہیے۔مبین ٹرسٹ نے اس کتاب کو عمدہ آرٹ پیپر' شاندار کتابت و طباعت کے ساتھ شائع کر کے چار چاند لگا دیئے اگر تمام دینی کتب اسی معیار اور انداز سے شائع ہوں تو کیا خوب۔　　(عرفان الحق حقانی)